سوال

میرے کئی ایک رشتے آئے لیکن والد صاحب نے یہ کہہ کر رد کر دیے کہ ابھی میری تعلیم مکمل نہیں ہوئی، میں نے والدین کو منانے کی کوشش کی کہ مجھے شادی کی رغبت ہے اور شادی میری تعلیم میں رکاوٹ پیدا نہیں کریگی، لیکن والدین اپنے موقف پر قائم رہے، تو کیا والدین کی رضامندی کے بغیر میرے لیے شادی کرنا جائز ہے، وگرنہ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

جواب

الحمدلله

بلاشک مناسب رشتہ آنے پر بھی والد کا آپ کی شادی نہ کرنا حرام کام ہے، اور پھر شادی تو تعلیم سے بھی اہم ہے، اور تعلیم شادی کے منافی نہیں کیونکہ دونوں کام ہی ہو سکتے ہیں شادی کے بعد بھی تعلیم جاری رہ سکتی ہے

اور آپ جس حالت سے دوچار ہیں اس میں آپ کے لیے شرعی عدالت سے رجوع کرنا جائز ہے تاکہ جو ہوا ہے وہ بیان کر سکیں اور پھر آخری فیصلہ شرعی عدالت کا ہوگا" انتہی